فوری ریلیز کے لیے: 8/9/2022 | گورنر ***KATHY HOCHUL***

**گورنر HOCHUL مستقل معاونت پذیر ہاؤسنگ پروجیکٹس کی خاطر دستیاب 35$ ملین کا اعلان کیا ہے**

***تجاویز کی طلبی امپائر سٹیٹ معاونت پذیر ہاؤسنگ کے اقدام کے ذریعے فنڈنگ کے لئے جاری کردہ***

***ریاست بھر میں 1,400 معاونت پذیر ہاؤسنگ یونٹس کے لئے آپریٹنگ اخراجات فراہم کرنے کی خاطر ایوارڈز***

گورنر Kathy Hochul نے آج ریاست بھر میں سستے ہاؤسنگ پروجیکٹس کے لئے معاونت پذیر خدمات کی فراہمی کی خاطر فنڈنگ کی مد میں 35$ ملین کی دستیابی کا اعلان کیا ہے۔ امپائر سٹیٹ معاونت پذیر ہاؤسنگ کے اقدام کے ذریعے فنڈنگ کے سات راؤنڈز مستقل معاونت پذیر ہاؤسنگ کے 1,400 یونٹس کے آپریٹنگ اخراجات کا احاطہ کرنے میں مدد دیں گے جن سے نیویارک کے زدپذیر طبقات کو ہاؤسنگ کے عدم استحکام کو کم کرنے میں مدد ملے گی۔

"معاونت پذیر ہاؤسنگ اشتمالی کمیونٹیز کے قیام اور یہ یقینی بنانے کی ہماری کوششوں کا ایک اہم عنصر ہے کہ نیویارک کے تمام باشندے محفوظ، قابلِ استطاعت جگہ کے حامل ہوں کہ جسے وہ اپنا گھر کہہ سکیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "امپائر سٹیٹ معاونت پذیر ہاؤسنگ کے اقدام کے ذریعے آج جس فنڈنگ کا اعلان ہوا وہ ہاؤسنگ میں عدم استحکام کے بنیادی اسباب کا قلع قمع کرنے اور ہمارے سب سے زیادہ زدپذیر اور پسماندہ طبقات کو اوپر اٹھانے میں کلیدی کردار ادا کرے گی۔"

ریاستی دفتر برائے ذہنی صحت (Office of Mental Health) - اقدام کی رہنما حصولیابی ایجنسی - نے آج امپائر سٹیٹ معاونت پذیر ہاؤسنگ کے اقدام کی فنڈنگ کے لئے تجاویز کی طلبی کا اجراء کیا ہے، جو کہ نیویارک کے زدپذیر باشندوں کی خدمت کرنے والے، آٹھ ریاستی ایجنسیز پر مشتمل بین ایجنسی ورکنگ گروپ کی جانب سے تقسیم کی جاتی ہے۔ یہ اقدام بےگھر سابقہ فوجیوں اور ان کے اہلِ خانہ؛ گھریلو تشدد کے متاثرین؛ عمر رسیدہ یا واضح طور پر ضعیف العمر افراد؛ حراست، بےگھری، یا فوسٹر کیئر کے ماضی کے حامل نوجوان بالغ افراد؛ برس ہا برس سے بےگھر افراد اور ان کے اہلِ خانہ؛ فکری یا نشوونمائی معذوریوں کے حامل افراد؛ سزائے قید پوری کرنے کے بعد واپس کمیونٹی میں شامل ہونے والے افراد؛ اور HIV یا AIDS، سنگین ذہنی مرض اور/یا منشیات کے غلط استعمال کے امراض کے ساتھ زندگی بسر کرنے والے افراد کو خدمات فراہم کرنے والے معاونت پذیر خدمت کے فراہم کنندگان کے لئے آپریٹنگ فنڈنگ فراہم کرتا ہے۔

پروجیکٹس میں مستقل معاونت پذیر ہاؤسنگ یونٹس کو چلانے کی خاطر درکار خدمات اور آپریٹنگ فنڈنگ کی مد میں فی سال 25,000$ تک حاصل ہو سکتے ہیں۔ درخواست دہندگان سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ اپنے ہاؤسنگ پروجیکٹس کی ترقی و تعمیر میں مالی اعانت کی خاطر سرمایہ کارانہ فنڈنگ الگ سے حاصل کریں گے۔

اقدام کے ذریعے فراہم کردہ فنڈنگ اہل ہدف کردہ طبقات کو کرائے کی امداد اور خدمات فراہم کرنے کے لئے استعمال کی جا سکتی ہے تاکہ ان کے ہاؤسنگ استحکام کو یقینی بنایا جائے۔ مجاز استعمالات میں شامل ہیں کرائے کی رعایتیں اور دیگر قیام کی لاگتیں؛ ہاؤسنگ کے ضرورتمند افراد کی نشاندہی اور انہیں جگہ فراہم کرنے کی خاطر خدمات یا عملہ؛ بنیادی اور رویہ جاتی صحت کی خدمات؛ روزگارانہ و پیشہ ورانہ تربیت؛ تعلیمی امداد، امورِ پرورش کی

مہارتوں کی ترقی و معاونت؛ طفلی نگہداشت کی امداد کی صلاح کاری و بحران میں مداخلتی کردار؛ اطفالی خدمات، بشمول تعلیمی وکالت، معاونت و صلاح کاری؛ اور ایسی خدمات سے منسلکہ لاگتیں کہ جو افراد و خاندانوں کو مستحکم طور پر چھت فراہم کرنے میں مددگار ہوں۔

تحقیق سے یہ بات معلوم ہوئی ہے کہ مستقل معاونت پذیر ہاؤسنگ روزگار، اسکول کی حاضری، اور ذہنی و جسمانی فلاح و بہبود پر مثبت اثرات چھوڑنے کے علاوہ، پناہ گاہوں، ہسپتال کے بستروں، ایمرجنسی رومز، قید خانوں، اور جیلوں کی مانگ میں کمی لاتی ہے۔ معاونت پذیر ہاؤسنگ پروجیکٹس، نئی تعمیر یا موجودہ عمارتوں کی دوبارہ آباد کاری کے ذریعے بھی مثبت اثرات مرتب کر سکتے ہیں۔

امپائر سٹیٹ معاونت پذیر ہاؤسنگ کا اقدام، ہاؤسنگ کو مزید قابلِ استطاعت، مساویانہ، اور مستحکم بنانے کے گورنر Hochul کے دلیرانہ منصوبے کا ایک اہم جزو ہے۔ FY 2023 کے نافذ کردہ ریاستی بجٹ میں، گورنر Hochul نے کامیابی کے ساتھ 25$ بلین کا نیا، پانچ سالہ جامع ہاؤسنگ منصوبہ حاصل کیا جس سے نیویارک بھر میں 100,000 سستے گھر بنانے یا محفوظ کرنے سے ہاؤسنگ سپلائی میں اضافہ ہو گا کہ جن میں 10,000 زدپذیر آبادیوں کے لیے معاونتی خدمات کے ساتھ اضافی 50,000 گھروں کی الیکٹریفیکیشن بھی شامل ہے۔

**نیویارک ریاست کے دفتر برائے ذہنی صحت کی کمشنر ڈاکٹر Ann Sullivan** نے کہا، "ESSHI پروگرام، اور معاونت پذیر ہاؤسنگ کی خاطر گورنر Hochul کے عزم نے ہزاروں زدپذیر افراد و گھرانوں کے لئے نئی راہیں استوار کی ہیں۔ معاونت پذیر ہاؤسنگ ایک طاقتور وسیلہ ہے جو لوگوں کو اپنے گھروں میں اور اپنی کمیونٹیز میں کارآمد، کامیاب اور بھرپور زندگیاں جینے میں مدد دیتا ہے، اور OMH میں ہم یہ فنڈنگ موقع فراہم کرنے کی خاطر ریاستی حکومت میں اپنے شراکت داروں کا ساتھ نبھانے پر فخر محسوس کرتے ہیں۔"

**ریاست نیویارک کے محکمہ صحت کی کمشنر Mary T. Bassett نے کہا۔** "سستی اور معاونت پذیر ہاؤسنگ تک رسائی نہ صرف نیویارک کے باشندوں کے معیارِ زندگی کو بلند کرے گی بلکہ ان کی ذاتی صحت کو بھی براہ راست بہتر بنائے گی، جس سے کئی لوگوں کو بےگھری سے چھٹکارا پانے اور کمیونٹی میں مستقل ہاؤسنگ میں رہائش پانے کا موقع ملے گا۔ یہ نیویارک کے سب سے زیادہ زدپذیر باشندوں کو، آن سائٹ خدمات کی حامل، سستی ہاؤسنگ کے قیام کی وساطت سے معاونت دینے کے گورنر Hochul کے عزم کی ایک اور جھلک ہے، امپائر سٹیٹ معاونت پذیر ہاؤسنگ کا اقدام نیویارک کے تمام باشندوں کے لئے معاشرتی مساوات و معاشی پیش قدمی کو فروغ دیتا ہے۔"

**ریاست نیویارک کے گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کاری کی کمشنر RuthAnne Visnauskas نے کہا،** "معاونت پذیر ہاؤسنگ خاندانوں اور افراد کو اپنی پسند کے گردونواح میں اور ایسے گھروں میں مستحکم اور صحتمندانہ زندگیاں جینے کا موقع فراہم کرتی ہے کہ جنہیں وہ اپنا کہہ سکیں۔ کامیاب امپائر سٹیٹ معاونت پذیر ہاؤسنگ اقدام کا راؤنڈ 7 نیویارک کے اضافی 1,400 گھرانوں کی مدد کرنے کے لئے 35$ ملین کی دستیابی کو یقینی بناتا ہے۔ بےگھری اور ہاؤسنگ کے عدم تحفظ کے تدارک کے گورنر Hochul کے دیرپا عزم کا شکریہ، کہ ہم ایسے اشتمالی سستے ہاؤسنگ ترقیاتی کام کی تعمیر و تحفظ کو جاری رکھیں گے کہ جو نتیجتاً کمیونٹیز کو مزید مضبوط اور مزید مساویانہ بنائے۔"

**ریاست نیویارک کے دفتر برائے عارضی و معذوری کی امداد کے کمشنر Daniel W. Tietz نے کہا،** "گورنر Hochul کو احساس ہے کہ ان لوگوں کو ہاؤسنگ کی فراہمی کی خاطر محض اینٹ گارے سے کچھ بڑھ کر کرنے کی ضرورت ہے کہ جنہیں بےگھری کا سامنا ہے، اور امپائر سٹیٹ معاونت پذیر ہاؤسنگ کا اقدام ان کوششوں میں بنیادی اہمیت کا حامل ہے۔ ہاؤسنگ اور معاونتی خدمات کا امتزاج ہمارے کچھ انتہائی زدپذیر، نیویارک کے ساتھی باشندگان کو اپنی زندگیوں میں استحکام لانے میں مدد دے سکتا ہے، جس سے انہیں امید کی نئی کرن اور ایک بہتر زندگی کا موقع میسر آئے گا۔"

**ریاست نیویارک کے دفتر برائے نشوونمائی معذوریوں کے حامل افراد کی کمشنر Kerri Neifeld نے کہا،** "گورنر کا امپائر سٹیٹ معاونت پذیر ہاؤسنگ کا اقدام نیویارک کے نشوونمائی معذوریوں کے حامل باشندوں کے لئے لازم و ملزوم مواقع فراہم کرنا جاری رکھے ہوئے ہے تاکہ وہ اپنی ضرورت کے مطابق امداد کے حصول کے ساتھ آزادانہ

زندگی بسر کر سکیں۔ پروگرام کی سالانہ توسیع کے ساتھ، مزید کئی افراد اپنی چھت پانے کے اپنے خواب کو تعبیر دینے کے قابل ہوئے ہیں۔ OPWDD اس سال بھی اس اقدام میں معاونت فراہم کرنے پر مسرت محسوس کرتا ہے تاکہ نیویارک کے نشوونمائی معذوریوں کے حامل مزید باشندوں کو امید، فخر اور اطمینان دیا جائے کہ انہیں اپنی گھر میں رہنے اور اپنی کمیونٹی میں سرگرمِ عمل ہونے میں معاونت دی جائے۔"

**ریاست نیویارک کے دفتر برائے گھریلو تشدد کی روک تھام کی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Kelli Owens نے کہا،** "ریاستہائے متحدہ امریکہ میں خواتین اور بچوں کی بےگھری کا سب سے بڑا سبب گھریلو تشدد ہے۔ محفوظ اور سستی ہاؤسنگ تک رسائی کے بغیر، صنفی بنیاد پر تشدد کے متاثرین کو اکثر اوقات بےگھری اور استحصال کی زندگی میں سے کسی ایک کو چُننا پڑتا ہے۔ امپائر سٹیٹ معاونت پذیر ہاؤسنگ کا اقدام اس اہم ضرورت کا ادراک کرتا ہے اور مزید متاثرین کو آزادی سے زندگی جینے کی جانب لے جانے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ میں گورنر کو خدمات فراہم کرنے کو اعزاز سمجھتی ہوں جو ہاؤسنگ استحکام اور صنفی بنیاد پر تشدد کی آپس کی مطابقت کو سمجھتی ہیں اور متاثرہ فرد پر مرکوز ایسے اقدامات کو معاونت دیتی ہیں جو تحفظ کو ترجیح دیتے ہوں۔"

**ریاست نیویارک کے دفتر برائے نشہ آوری کی خدمات و معاونتیں کی کمشنر Chinazo Cunningham نے کا،** "ایک ایسی مستحکم و محفوظ جگہ حاصل کرنا کہ جسے گھر کہا جائے، منشیات کے غلط استعمال کے امراض کے شکار لوگوں کے لئے نہایت اہمیت کا حامل معاملہ ہے، اور میں نیویارک ریاست میں مزید معاونت پذیر ہاؤسنگ اختیارات وضع کرنے کے گورنر Hochul کے عزم پر ان کی مشکور ہوں۔ ان نئے یونٹس کی بدولت، نیویارک کے مزید باشندے اپنی صحت میں معاونت کی خاطر درکار خدمات تک رسائی کے قابل ہوں گے۔"

**ریاست نیویارک کا دفتر برائے اطفالی و خاندانی خدمات کی کمشنر Sheila J. Poole نے کہا،** "نوجوان بالغ افراد کو زندگی میں کامیاب ہونے کے لئے مستحکم ہاؤسنگ درکار ہے، آیا وہ پہلے بےگھر ہوں، فوسٹر کیئر کے نظام سے عمر بڑھنے کے سبب نکلنے پر مجبور ہوں یا کمسنی میں کسی انصاف پلیسمنٹ کے بعد کمیونٹی میں واپس آ رہے ہوں۔ محفوظ اور معاونت پذیر ہاؤسنگ وہ سیکیورٹی پیش کرتی ہے جو نوجوان افراد کو درکار ہو تاکہ کارآمد اور صحتمندانہ زندگیاں جینے میں معاونت کی خاطر وہ تعلیم، روزگار، یا پیشہ ورانہ موقع کے حصول پر توجہ مرکوز کر سکیں۔"

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418